نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گزشتہ تین سال (2018-21) کے دوران 40 کروڑ روپے کی جعلی زرعی ادویات اور غیر معیاری کھادوں کو ضبط کر کے ملزمان کے خلاف 2300 مقدمات کا اندراج کروایا

لاہور: 21 ستمبر 2021 ( ) وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار کی خصوصی ہدایات کے مطابق جعلی زرعی ادویات کے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف صوبہ بھر میں کاروائیاں جاری ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گزشتہ تین برسوں (2018-21) کے دوران محکمہ زراعت نے 40 کروڑ کی جعلی زرعی ادویات اور غیر معیاری کھادوں کو ضبط کر کے اس مکروہ دھندے میں ملوث افراد کے خلاف 2300 مقدمات کا اندراج کروایا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے مافیہ کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جا رہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جا رہی ہے۔حکومت پنجاب جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کاروبار کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔اس ضمن میں محکمہ زراعت ٹھوس شواہد کی بنا پر ملزمان کے خلاف ہر سطح پر اپنی کاروائی جاری رکھے ہوئے ہے اور جعلی زرعی ادویات کے دھندے میں ملوّث افراد کو قانون کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ عوام جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف شکایات بذریعہ ایس ایم ایس/واٹس ایپ پر **0300-2955539** کر سکتے ہیں۔ایسے تمام عناصر کے خلاف اطلاع موصول ہونے کے 24 گھنٹے کے اندر کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے

☆☆☆☆☆